# ای ٹینڈر نوٹس

زیرِ دستخطی کو سب جیل وانا کے لئے برائے مالی سال 27-2026 پکی پکائی (روٹی، سالن، چائے، چاول) اور دیگر متفرق اشیاء کی سپلائی کے لئے جن کی مالیت اندازے کے مطابق تقریباً دس لاکھ روپے -/Rs.2,000,000 بنتی ہے، کے لئے خواہش مند حضرات/ٹھیکیداران جو کہ محکمہ سیلز ٹیکس اور انکم ٹیکس کے ساتھ ساتھ خیبر پختونخوا ریگولیٹری اتھارٹی (KPPRA) کی ویب سائٹ https://kp.eprocure.gov.pk پر رجسٹرڈ ہو چکے ہوں سے بذریعہ EProcurement ٹینڈر مطلوب ہے۔ ٹینڈر بذریعہ EPADS مورخہ 07-10-2026 بوقت 11:00AM دن تک آن لائن جمع کیا جا سکتا ہے جو کہ اسی روز بوقت 11:30AM بجے دن ٹینڈر دہندہ یا نمائندگان اور کمیٹی ممبران کے روبرو آن لائن بمقام سب جیل ٹانک میں کھولا جائے گا۔

## شرائط:

(1) اوپر دی گئی مالیات ایک اندازے کے مطابق ہے جس میں مجاز اتھارٹی کیپرا رولز کے مطابق کمی بیشی کر سکتی ہے۔

(2) تمام خواہش مند ٹھیکیداران کیلئے لازم ہے کہ وہ خیبر پختونخوا ریگولیٹری اتھارٹی (KPPRA) کی ویب سائٹ https://kp.eprocure.gov.pk پر خود کو رجسٹرڈ کروائیں کیونکہ موجودہ ٹینڈر فارم بمعہ فہرست درکار اشیاء اور دیگر ضروری دستاویزات مذکورہ ویب سائٹ پر دیکھی جا سکتی ہے۔ اور وہاں سے ڈاؤن لوڈ بھی کی جا سکتی ہے ڈاؤن لوڈ کرنے کے بعد متعلقہ دستاویزات صاف لکھائی میں پُر کر کے EPADS پر اپلوڈ کرنے ہوں گے۔ موجودہ ٹینڈر نوٹس کی اشاعت کی کاپی کیپرا کی ویب سائٹ https://www.kppra.gov.pk اور خیبر پختونخوا جیل خانہ جات کی آفیشل ویب سائٹ https://prisons.kp.gov.pk سے بھی حاصل کی جا سکتی ہے۔

(3) ای ٹینڈرنگ میں حصہ لینے والے تمام ٹھیکیداران کو ٹینڈر کی مالیت کا 2% فیصد زرضمانت جو کسی منظور شدہ بینک سے جاری کردہ بصورت کال ڈیپازٹ بنام سپرنٹنڈنٹ سب جیل ٹانک EPADS پر اپلوڈ کرنا ہوگی اور اصل زرضمانت ٹینڈر کھولنے سے پہلے دفتر ہذا میں لازمی جمع کروانا ہوگی۔ جو کہ ٹینڈر کھولنے کے وقت پر چیز کمیٹی کے سامنے پیش کی جائے گی۔ CDR اپلوڈ کرنے یا اصل CDR دفتر میں بروقت پیش نہ کرنے کی صورت میں ٹینڈر فارم مسترد کر دیا جائے گا۔

(4) متعلقہ ٹھیکیدار/فرم کو حکومتِ پاکستان کی طرف سے عائد شدہ تمام ٹیکسز بشمول انکم ٹیکس، سیلز ٹیکس، پروفیشنل ٹیکس، اسٹیمپ ڈیوٹی یا کسی بھی قسم کے دیگر ٹیکسز جو حکومتِ پاکستان کی طرف سے وقتاً فوقتاً نافذ العمل ہوں وغیرہ مروجہ پالیسی کے مطابق ادا کرنے ہونگے۔

(5) بروقت سپلائی نہ کرنے یا غیر معیاری اشیاء کی سپلائی کی صورت میں مجوزہ اشیاء بازار سے مارکیٹ نرخ پر خریدے جائینگے اور نرخ میں فرق کی صورت میں اضافی رقم ٹھیکیدار کے بل یا سیکیورٹی سے منہا کی جائیگی۔

(6) سپلائی میں ناکامی، غیر معیاری اشیاء کی سپلائی یا قواعد وضوابط کی خلاف ورزی کی صورت میں متعلقہ ٹھیکیدار/فرم کیخلاف قانونی کارروائی کی جائیگی۔ اور ٹھیکیدار کو بلیک لسٹ کیا جائے گا۔

(7) مقرر کردہ کمیٹی کو اختیار حاصل ہے کہ وہ کسی فرم/ٹھیکیدار کے ٹینڈر کو جزوی یا کلی طور پر معقول وجہ بتا کر مسترد کر دے۔

(8) ٹینڈر کی حتمی منظوری جناب ڈپٹی انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات ساؤتھ ریجن ڈی آئی خان دینگے۔

(9) تمام اشیاء کی سپلائی سب جیل وانا کے مین گیٹ تک لانا لازمی ہوگی۔

(10) تمام جمع شدہ کال ڈیپازٹ تصدیق کے لئے متعلقہ بینک کو ارسال کئے جائینگے اور بغیر تصدیق کے کوئی بھی کال ڈیپازٹ واپس نہیں کیا جائے گا۔ اور اگر دورانِ تصدیق کوئی کال ڈیپازٹ جعلی قرار پایا گیا تو متعلقہ ٹھیکیدار کے خلاف بینک رولز اور حکومتِ پاکستان کے مروجہ قانون کے مطابق محکمہ نہ کارروائی کا اختیار حاصل ہوگا۔

(11) تمام دلچسپی رکھنے والے ٹھیکیداروں کو خیبر پختونخوا فوڈ سیفٹی اینڈ حلال فوڈ اتھارٹی کیطرف سے سرٹیفیکیٹ انڈر سیکشن 15 آف KPFS&HFA Act 2014 کے تحت کمیٹی کے سامنے پیش کرنا ہوگا ورنہ اس کا ٹینڈر None Responsive تصور کیا جائیگا۔

(12) ٹینڈر منظور ہونے کی صورت میں متعلقہ ٹھیکیدار/فرم کے ساتھ معاہدہ کیا جائے گا اور ٹھیکہ مالیت کے 05% کے مساوی Performance Guarantee بصورت بینک گارنٹی بنام سپرنٹنڈنٹ سب جیل وانا لازمی جمع کروانا ہوگا۔

(13) ٹینڈر کھولنے کے دن اگر سرکاری تعطیل ہوئی تو مذکورہ ٹینڈر اگلے ورکنگ دن میں کھولا جائے گا۔

المشتہر

سپرنٹنڈنٹ سب جیل ٹانک

CamScanner